SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

July 07, 2021

**مالی سال 21-2020: ایس ای سی پی نے 3 نئی ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کو لائسنس جاری کیا**

اسلام آباد (جولائی 7): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے گزشتہ مالی سال (2020-2021) کے دوران تین نئی ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں (ایچ ایف سی) کو لائسنس جاری کیا۔ اس شعبے میں نئی کمپنیوں کے آنے سے ملک میں کم قیمت ہاؤسنگ فنانس کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

لائسنس حاصل کرنے والی ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں میں پاکستان ہاؤسنگ فنانس کمپنی لمیٹڈ، ٹریلس ہاؤسنگ فنانس کمپنی لمیٹڈ اور آسان گھر فنانس لمیٹڈ شامل ہیں۔ اس سے پہلے پچھلی ایک دہائی میں اس شعبے میں کمپنیاں داخل نہیں ہوئیں۔ ملک میں گھروں کی تعمیر کے لئے کم قیمت قرضوں کی دستیابی کی ضرورت کا ادراک کرتے ہوئے، ایس ای سی پی نے گزشتہ سال پاکستان مارگیج ری فنانس کمپنی (پی ایم آر سی) اور ورلڈ بینک گروپ کے اشتراک سے ایک آگہی مہم کا آغاز کیا جس میں بڑی کمپنیوں کو اس نظر انداز ہونے والے شعبے میں آنے، اس شعبے میں دستیاب مواقع، فوائد اور ستیاب وسائل سے آگاہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے ریگولیٹری فریم ورک اور ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کے قیام کے طریق کار اور قانونی تقاضوں کے بارے میں معلومات کی فراہمی کے لئے متعدد ویبنارز منعقد کئے۔ ایس ای سی پی نے ممکنہ سرمایہ کاروں کو ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کی فنڈ نگ کے دستیاب وسائل پر بھی رہنمائی فراہم کی اور ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کے کاروباری ماڈل تیار کرنے میں معاونت بھی فراہم کی۔ ایس ای سی پی نے ہاؤسنگ فنانس کے حوالے سے حکومت کی مارک اپ سبسڈی سکیم میں ہاؤسنگ فنانس کمپنیوں کو شامل کرنے کی تجویز کی بھی حمایت کی۔

مذکورہ بالا اقدامات کے نتیجے میں اس سال فنانس کے شعبے میں تین کمپنیوں کو لائسنس جاری کیا گیا اور امید ہے کہ مزید کمپنیاں اس شعبے میں سرمایہ کاری کریں گی۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005